# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1267 https://www.facebook.com/pakpgov


**LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9thSession)**

**LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9thSession)**

**Notice No. 808**

**Department:- Health**

توجہ دلاؤنوٹس نمبر808

منجانب:۔جناب حمیدالرحمان،پی کے 19 ،رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کراناچاہتاہوں وہ یہ کہ ضلع باجوڑ میں محکمہ صحت کے زیر انتظام ڈی ایچ اوآفس کی جانب سے ہونے والی مختلف کیڈرز کے بھرتیوں کے حوالے سے سنگین عوامی شکایات، تحفظات، میرٹ کی مبینہ خلاف ورزیوں، کرپٹ پریکٹسزاور امیدواروں کے ساتھ ناانصافی کی اطلاعات موصول ہوئی تھی۔ان شکایات کی بنیاد پر اور بھرتیوں میں بے قاعدگیوں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر باجوڑ نے بھی ایک فیکٹ فائنڈنگ انکوائری جمع کی۔ جسکی بنیاد پر ہم نے صوبائی حکومت اور محکمہ صحت سے شفاف انکوائری کا مطالبہ کیا تھااور انکوائری کمیٹی بھی تشکیل دی گئی اور متعلقہ افسر ڈی ایچ او باجوڑ کو ہٹاکر ڈیپارٹمنٹ رپورٹ کیا گیا۔ یہ امر نہایت تشویشناک ہے کہ (ETEA) کے ذریعے 40 مختلف ڈسپلنز میں اشتہارات جاری کئے گئے تاہم اس کے برعکس اس سے کہیں زیادہ افراد کو بھرتی کیا گیااور انہیں پیشگی تنخواہیں بھی جاری کی گئیں جو اختیارات کے ناجائزاستعمال کی واضح مثال ہے۔مزید یہ کہ یکم ستمبر 2024 سے 11 جولائی 2025 کے دوران 80 سے زائد مختلف اسکیلز میں بھرتیاں کی گئیں، جن میں 35 سے زائد تقرریاں بغیر اشتہار، بغیر ETEA ٹیسٹ اور جن میں ناکام امیدواروں کی بھرتی بھی شامل ہے۔ان بے ضابطگیوں کے خلاف متاثرہ امیدواروں کی جانب سے احتجاج اور ہڑتالیں بھی کی جاچکی ہیں جو اس امر کی عکاسی کرتی ہیں کہ میرٹ پر پورااترنے والے امیدواروں کو نظرانداز کیا گیا۔ لہذاشفافیت کو یقینی بنانے اور ذمہ داران کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔